سوال

(739)کیا تصویر جائز ہے اور ویڈیو فلم کا کیا حکم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا تصویر جائز ہے اور ویڈیو فلم کا کیا حکم ہے بعض علماء کیمرہ والی تصویر کے جواز کے قائل ہیں ؟

محمد بشیر طیب کویت

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تصویر کے ناجائز ہونے کے دلائل متحرک ، ساکن ، ہاتھ والی ، کیمرے والی ، عکسی ، غیر عکسی ، وڈیو والی ، غیر وڈیو والی ، ورق نقدی والی ، بطاقة المعرفة والی ، جواز والی ، رخصہ والی تذکرات البرید وغیرہ والی ، کتب وصحائف والی ، اختبارات وامتحانات والی ، معاہدات ووظائف والی تصویروں پر اور بچوں کے کھلونوں والی تصاویر کے علاوہ سب تصویروں پر صادق آتے ہیں پھر وہ دلائل عرب و عجم سب کےلیے ہیں صرف عجم کے ساتھ مخصوص نہیں اور نہ ہی صرف عرب کے ساتھ ہی مخصوص ہیں بلکہ دونوں کو شامل ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص513

محدث فتویٰ